# ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ کو کس طرح پڑھا جائے

Department of Education NYC

طلبا کے ریکارڈ اسکولوں، طلبا اور اہل خانہ کو تعلیمی پیش رفت پر نظر رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے والدین کے حقوق کے قانون اور طلبا کے حقوق کے قانون کے مطابق طلبا اور سابقہ طلبا، والدین اور سرپرستوں اپنے ریکارڈ کا جائزہ لینے اور ان کی نقول حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ طالب علم کے ریکارڈ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے اندر طالب علم کے ساتھ ایک اسکول سے دوسرے اسکول میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ طالب علم کے ریکارڈ کو تلاش کرنے کے لیے بہترین جگہ وہ اسکول ہے جس میں طالب علم نے آخری بار شرکت کی تھی (یا کر رہا ہے)۔ مزید معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں http://schools.nyc.gov/RulesPolicies/StudentRecords/Transcripts.

## ایک ٹرانسکرپٹ کیا ہے؟

ٹرانسکرپٹ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے ہائی اسکول میں حاصل کردہ کریڈٹس، حتمی گریڈز اور دیئے گئے امتحانات کا مستند ریکارڈ ہے۔ یہ طالب علم کے ہائی اسکول کے دوران لیے گئے کورسز اور امتحانات کو قلم بند کرتا ہے۔

آپ دو مختلف قسم کی ٹرانسکرپٹ کی درخواست کر سکتے ہیں: ایک کو "طالب علم کی ٹرانسکرپٹ" کہا جاتا ہے، اس کو سال اور ٹرم کے لحاظ سے منظم کیا جاتا ہے۔ دوسری کو "طالب کا مستقل ریکارڈ" کہا جاتا ہے، اس میں یہی معلومات ہوتی ہیں لیکن اس کو مضامین کے شعبوں کو مطابق منظم کیا جاتا ہے۔ آپ کا اسکول دونوں کا حوالہ بطور "ٹراسکرپٹ" دیتا ہے۔

## ایک ٹرانسکرپٹ کا مقصد کیا ہے؟

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم ٹرانسکرپٹ کی معلومات کو ایک طالب علم کی کورس اور امتحانات کی ضروریات کا تعین کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے تاکہ سندیافتگی کی راہ پر گامزن رہنے کے لیے شیڈول تیار کیا جا سکے۔

کالج اور ثانوی کے بعد تعلیمی ادارے یہ تعین کرنے کے لیے بھی ٹرانسکرپٹ کو استعمال کرتے ہیں کہ آیا ایک طالب علم ان کے داخلے کے دائرہ کار پر پورا اترتا ہے۔ اس کے علاوہ، ٹرانسکرپٹ کو مستقبل میں آجر اور فوج میں بھرتی ہونے کے لیے ہائی اسکول سے سندیافتگی کے ثبوت کے طور پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## میں اپنی ٹرانسکرپٹ کی ایک نقل کس طرح حاصل کر سکتا ہوں؟

عموماً ہائی اسکول طلبا کو ان کے اندراج کے دوران وقفہ جاتی طور پر غیر سرکاری ٹراسکرپٹ دیتے ہیں۔ یہ طلبا اور اہل خانہ کو ٹراسکرپٹ کی درستگی کی جانچ کرنے اور اس میں شامل معلومات کے بارے میں سوالات پوچھنے میں مدد کرتی ہیں۔

اگر آپ ایک 18 سال سے کم عمر طالب علم کے والدین یا سرپرست ہیں تو آپ اسکولی سال کے دوران کسی بھی وقت اپنے اسکول سے ایک ٹرانسکرپٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم اسکول میں فی الوقت شرکت کر رہے ہیں تو آپ اپنے رہنما مشیر سے کسی بھی وقت ایک غیر سرکاری ٹرانسکرپٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## مجھے اپنے اسکول سے کس طرح کے سوالات پوچھنے چاہیئں؟

- کیا آپ توقع کرتے ہیں کہ میرا بیٹا یا بیٹی سندیافتہ ہو جائے گا؟
- اس کو سندیافتہ ہونے کے لیے کونسے کریڈٹ یا امتحانات کی ضرورت ہے؟
- اگلی ٹرم میں اس کو کونسے کورسز یا امتحانات کے لیے شیڈول کیا گیا ہے؟
- میں اس کی پیش رفت کی اعانت کس طرح کر سکتا ہوں؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

نیو یارک شہر میں ہر ایک طالب علم کے لیے 44 کریڈٹ حاصل کرنا لازمی ہے، جن کو مختلف مضامین کے شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے، اور سندیافتہ ہونے کے لیے مخصوص امتحانات پاس کرنا لازمی ہے۔ سندیافتگی کی مطلوبات کے بارے میں ذیل پر آن لائن مزید معلومات ملاحظہ کریں www.schools.nyc.gov/RulesPolicies/GraduationRequirements. آپ کے اسکول کے پاس بھی سندیافتگی کا ایک کارڈ ہوتا ہے جس میں کریڈٹ اور امتحانات کی مطلوبات کو خاکہ کش کیا جاتا ہے، جس کی بنیاد طالب علم کے نویں گریڈ میں داخلے کے سال پر ہوتی ہے۔

طلبا اور والدین یا سرپرستوں کو اپنے اسکول کی گریڈ دینے کی پالسیوں کے بارے میں معلومات کو تحریری طور پر حاصل کرنے کا حق ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کا اسکول تعلیمی پیشرفت کی پیمائش کس طرح کرتا ہے اپنے اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی کی ایک نقل کے لیے اپنے رہنما مشیر یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔

ایک این وائی سی اسکولز اکاونٹ کے ساتھ والدین اور سرپرست ایک کمپیوٹر، فون یا ٹیبلٹ پر دس زبانوں میں سے ایک میں اپنے طالب علم کی حاضری، گریڈز، تشخیصات، شیڈول اور معلوماتِ رابطہ دیکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کا پہلے سے این وائی سی اسکولز اکاونٹ ہے، تو لاگ ان کرنے کے لیے http://mystudent.nyc پر جائیں۔ این وائی سی اسکولز اکاونٹ کے لیے رجسٹر کرنے کے لیے، اپنے اسکول میں جائیں یا ذیل پر آن لائن رجسٹر کریں www.schools.nyc.gov/RulesPolicies/StudentRecords/NYCschools.

**میں کس فرد سے مدد کی گذارش کر سکتا ہے؟** اور اپنے رہنما مشیر یا پرنسپل سے بات کریں۔

**نیو یارک شہر سندیافتگی کی مطلوبات**

**سندیافتگی کی جانب پیش رفت**

**آپ کے اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی**

# " مستقل ریکارڈ" کو کس طرح پڑھا جائے

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

**طالب علم کا مستقل ریکارڈ**

اسکول کا نام

NYC Department of Education

1 اس خانے میں **نشان دہی کرنے کی بنیادی اور رابطے کی معلومات** شامل ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی بھی معلومات درست نہیں ہیں تو اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

2 یہ کالم اس **تعلیمی سال اور ٹرم** (2015/1) کو ظاہر کرتا ہے جس میں کورس کو لیا گیا تھا۔ ایک کورس کو ایک ٹرم کے عرصے میں مکمل کیا جاتا ہے۔ ہر ٹرم کے اختتام پر طلبا اپنی ٹرانسکرپٹ میں حتمی گریڈ (اصل اسکور) موصول کرتے ہیں۔

3 اس کالم میں **اسکول کا "DBN"** یا **"ضلع/ برو/ نمبر"**شامل ہوتا ہے (01M957)۔ یہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے ہر ایک کورس کو کس اسکول میں لیا گیا تھا اور ایک گریڈ موصول کیا گیا تھا۔ جب طلبا نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کے اسکولوں میں تبادلہ کرواتے ہیں یا NYCDOE کے ایک دیگر اسکول میں کورسز لیتے ہیں تو ٹرانسکرپٹ پر مختلف DBN نمبر ہوتے ہیں۔

4 اس کالم میں **کورس کوڈ** (EES81)شامل ہوتا ہے جو یہ نشان دہی کرتا ہے کہ کیا سکھایا گیا تھا اور مشمولات کو کس طرح فراہم کیا گیا تھا۔ NYCDOE کے تمام اسکول ایک جیسی کورس کوڈنگ کا طریقہ استعمال کرتے ہیں۔

5 اس کالم میں **کورس کا عنوان** (ENGLISH 9)، شامل ہوتا ہے جو یہ نشان دہی کرتا ہے کہ کورس میں کیا سیکھایا جاتا ہے۔ کورس کوڈ کے برعکس، اسکول اپنے کورس کے عنوان خود منتخب کر سکتے ہیں۔

6 اس کالم میں طالب علم کے اصل اسکور (86)، **یاکورس کا حتمی گریڈ شامل ہوتا ہے۔** اسکول گریڈ دینے کے ایک یا زائد اسکیل (جیسے کہ A-F اور 100-65) کو منتخب کر سکتے ہیں۔ کچھ گریڈز جیسے کہ NX, NL اور NS صرف شاذ و نادر صورت حال میں دیئے جاتے ہیں۔ اگر آپ کے کسی گریڈ کے متعلق سوالات ہیں یا اگر آپ کو اپنے اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی کی ایک نقل چاہیئے تو اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

7 اس کالم میں **استاد کا نام** (GAUTHIER) شامل ہوتا ہے جس نے کورس کی تعلیم دی تھی اور حتمی گریڈ تعین کیا تھا۔

8 اس کالم میں **ہر کورس کے کریڈٹ کی وقعت کی تعداد** شامل ہوتی ہے۔(1.00). کچھ کورسز جیسے کہ سائنس لیبز اور ریجنٹس تیاری کورسز، اہم تجربات ہوتے ہیں لیکن ان کو کریڈٹ کے لیے شمار نہیں کیا جاتا ہے۔ یہ کورسز ٹرانسکرپٹ میں 0.00 کے طور پر ظاہر کیے جاتے ہیں۔

9 اس کالم میں طالب علم کے ہر ایک کورس میں **حاصل کردہ کریڈٹس کی تعداد** شامل ہوتی ہے(1.00)۔ طلبا صرف ان کورسز کے لیے کریڈٹ حاصل کرتے ہیں جن کو انہوں نے پاس کر لیا ہو۔

حاصل کیے گئے کریڈٹس کی تعداد کے مقابلے میں حاصل کرنے کی کوشش کیے گئے کریڈٹس کی تعداد کے خلاصے کو ہر مضمون شعبے کے زیریں حصے اور ٹرانسکرپٹ کے زیریں حصے میں پایا جا سکتا ہے۔ اگر طالب علم سابقہ طور پر ایک کورس میں فیل ہو گیا تھا تو حاصل کردہ کریڈٹ کی تعداد بمقابلہ حاصل کرنے کی کوشش کیے گئے کریڈٹ کی تعداد سے کم ہو گی۔ طلبا کو سندیافتہ ہونے کے لیے مخصوص کورسز میں 44 کریڈٹس حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔

10 اس خانے میں طالب علم کے **ریجنٹس امتحان کے اسکور**شامل ہوتے ہیں۔ اسکولوں کے پاس طالب علم کے ریجنٹس کے تمام اسکور یا ہر ایک امتحان میں حاصل کردہ اعلی ترین اسکور کو ظاہر کرنے کا انتخاب ہوتا ہے۔

11 **مجموعی گریڈ اوسط** کا حساب کس طرح لگایا جائے کے متعلق سوالات کے لیے اپنے موجودہ اسکول سے رابطہ کریں۔

---

#####**Name / Id :** STUDENT'S NAME / OSIS (1)
**Address :** STUDENT'S ADDRESS

**Grade Level :** 09 **Status :** A **Ph# :** ########## **Ofcl :** XXX
**: Discharge Date** **Admit Date:** 08/01/2015
**: Graduation Date** **DOB :** 01/01/2002 **Gender :** X
**Counselor :** COUNSELOR'S NAME **Parent :** PARENT'S NAME

**English / ESL / 1**

| (9) Credits / (8) | (7) Teacher | (6) Actual Mark | (5) Course | (4) Code | (3) DBN | (2) Term |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1.00 / 1.00 | GAUTHIER | 86 | ENGLISH 9 | EES81 | 01M957 | 2015 / 1 |
| 1.00 / 1.00 | GAUTHIER | 84 | ENGLISH 9 | EES82 | 01M957 | 2015 / 2 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : 2.00 / 2.00
Credits Averaged : 2.00 — Subject Area Average : 85%

**Social Studies / 2**

| Credits | Teacher | Actual Mark | Course | Code | DBN | Term |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1.00 / 1.00 | PARK | 73 | GLOBAL STUD 9 | HGS41 | 01M957 | 2015 / 1 |
| 1.00 / 0.00 | PARK | 60 | GLOBAL STUD 9 | HGS42 | 01M957 | 2015 / 2 |
| 1.00 / 1.00 | PARK | 67 | GLOBAL STUD 9 | HGS42 | 01M957 | 2015 / 7 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : 3.00 / 2.00
Credits Averaged : 3.00 — Subject Area Average : 66.67%

**Mathematics / 3**

| Credits | Teacher | Actual Mark | Course | Code | DBN | Term |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1.00 / 1.00 | THOMAS | 76 | ALGEBRA I | MES21 | 01M957 | 2015 / 1 |
| 1.00 / 1.00 | THOMAS | 80 | ALGEBRA I | MES22 | 01M957 | 2015 / 2 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : 2.00 / 2.00
Credits Averaged : 2.00 — Subject Area Average : 78%

**Sciences / 4**

| Credits | Teacher | Actual Mark | Course | Code | DBN | Term |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1.00 / 1.00 | RYAN | 86 | LIVING ENVIRON | SLS21 | 01M957 | 2015 / 1 |
| 0.00 / 0.00 | RYAN | P | LIV ENVIRON LAB | SLS21QL | 01M957 | 2015 / 1 |
| 1.00 / 1.00 | RYAN | 90 | LIVING ENVIRON | SLS22 | 01M957 | 2015 / 2 |
| 0.00 / 0.00 | RYAN | P | LIV ENVIRON LAB | SLS22QL | 01M957 | 2015 / 2 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : 2.00 / 2.00
Credits Averaged : 2.00 — Subject Area Average : 88%

**Health/Physical Education / 8**

| Credits | Teacher | Actual Mark | Course | Code | DBN | Term |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0.50 / 0.50 | NELSON | 81 | PHYSICAL ED | PPS81 | 01M957 | 2015 / 1 |
| 0.50 / 0.50 | NELSON | 85 | PHYSICAL ED | PPS82 | 01M957 | 2015 / 2 |

Subject Area : Actual Credits / Credits Earned : 1.00 / 1.00
Term Credits Averaged : 1.00 — Subject Area Average : 83%

**Exam Summary** (10)

| Score | Exam | Code | Term | Year |
|---|---|---|---|---|
| 80 | LIV ENVIRO REG JUN | SXRKE | Term 2 | 2015 |
| 68 | INT ALGEBRA REG JUN | MXREE | Term 2 | 2015 |

Cumulative : Actual Credits / Credits Earned : 10.00 / 9.00
Cumulative Credits Averaged : 10.00 — Cumulative Average : 78.90% (11)